07/03/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اشفاق امین**

UPSC

UPSC نے سول سروسز امتحانات 2025 کے نتائج کا اعلان کیا ہے ۔ کُل 958 امیدواروں نے یہ امتحان کوالیفائی کیا ہے ۔ Anuj Agnihotri نے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے ۔ جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے ڈیڑھ درجن کے قریب امیدواروں نے بھی UPSC کا امتحان پاس کیا ہے ۔ کامیاب امیدواروں میں اننت ناگ ضلعے کے بجبہاڑہ سے تعلق رکھنے والے مُنیب افضل پرہ بھی شامل ہیں ۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ منیب کی کامیابی پر علاقے میں خوشی کا ماحول ہے۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے منیب نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

-------BYTE--------

اِدھر بانڈی پورہ سے ہمارے نمائندے عادل اسماعیل نے اطلاع دی ہے کہ ضلعے کے نائد کھائی سے تعلق رکھنے والے قوت بینائی سے محروم عرفان احمد لون نے بھی اس امتحان کو پاس کیا ۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے یونین پبلک سروس کمیشن (UPSC) کے سیول سروسز امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والے جموں کشمیرکے امیدواروں کو مبارک باد پیش کی ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ کامیابی پورے خطے کے لئے باعث فخر ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ کاروباری نظام کو مو

ثر طریقے سے منظم کرنا اورعوام کے لیے غیر ضروری طریقہ کار کی رکاوٹوں کو دور ۓ

کرناحکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وہ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں کاروباری ضابطہ بندی میں نرمی کے اقدامات کا جائزہ لے رہے تھے ۔ یہ اقدامات کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے کی کوششوں کے تحت کئے جا رہے ہیں ۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں صرف صنعت نہیں بلکہ عام لوگوں کی زندگی بھی آسان بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

ستیش شرما

YSS-JKSC امور نوجوان اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرمانے کل مولانا آزاد سٹیڈیم جموں میں کرکٹ لیگ کا افتتاح کیا۔

یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے کی سرپرتی میں جموں کشمیر سپورٹس کونسل کے اہتمام سے منعقدہ اس لیگ میں دس ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ اس لیگ کی افتتاحی رسم کے موقعے پر سیکرٹری سپورٹس کونسل نزہت گل بھی موجود تھیں۔

لیگ Atheletics

کھیلوں کی مرکزی وزیر مملکت رکشا کھڑ سے نے کہا ہے کہ انٹر نیشنل وومنز ڈے کے موقع پر لیگ منعقد کرائے جائیں گے ۔ Atheletics کل یعنی 8 مارچ کو ملک کے 250 مقامات پر

ASMITA یعنی Achieving Sports Milestone by Inspiring Women through Action کے تحت ان لیگ مقابلوں کا مقصد خواتین میں کھیلوں کا رجحان پیدا کرنا ہے۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کو طبی نگہداشت کے شعبے میں ریفرل نظام کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ جہاں مریضوں کے لئے ابتداءسے ہی طبی نگہداشت کی اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب ہیں ۔

اس تعلق سے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر اجیت کمار ناگپال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------Nagpal------

انفارمیشن ٹکنالوجی

انفارمیشن ٹکنالوجی کے سیکریٹری ڈاکٹر پیوش سنگلا نے سول سیکرٹریٹ جموں میں ایک جائزہ میٹنگ کے دوران محکمے کی طرف سے عملائے جانے والے مختلف ڈیجیٹل اقدامات کی پیش نیٹ ورک کی اپ گریڈیشن، تمام LAN رفت کا جائزہ لیا گیا۔میٹنگ کے دوران سول سیکرٹریٹ میں سرکاری دفاتر میں وائی فائی کنیکٹیویٹی کو مضبوط بنانے اور چیف منسٹر انٹرنشپ سکیم کے نفاذ سمیت کئی اہم منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

دورہ DGP

کشمیر وی کے بردی نے کل پولیس کے IGP جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پر بھات اور اعلیٰ افسران کے ہمراہ سرینگر میں پائین شہر کی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ پولیس افسران نے شہر کے حساس علاقوں کا دورہ کر کے سیکورٹی فورسز کی تعیناتی کا بھی جائزہ لیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ